نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی فصل کی برداشت بارے ایڈوائزری جاری کردی</u>

لاہور: **21 ستمبر 2026**:ایڈوائزری کے مطابق دھان کی فصل کی کٹائی اس وقت شروع کریں جب اوپر والے سٹے پوری طرح پک چکے ہوں اور نیچے والے 2 تا 3 دانے ابھی ہرے ہوں۔اس وقت دانوں میں نمی کا تناسب 20 تا 22 فیصد ہوتا ہے۔بعدازاں دانوں کو دھوپ یا ڈائیر کی مدد سے دانوں کو خشک کرنے کا بندوبست کریں جس سے ان کی نمی کا تناسب 12 تا 13 فیصد رہ جائے۔دھان کی مختلف اقسام کو الگ الگ بوریوں میں بھریں۔ایڈوائزری میں مزید بتایا ہے کہ دھان کی برداشت اگر مشینی طریقے سے کرنی مقصود ہو تو ترجیحاً رائس ہارویسٹر (کبوٹا) یا سپر سیڈرز کا استعمال کریں۔اگر رائس ہارویسٹر میسر نہ ہو تو ایسی مشین استعمال کریں جو دھان کی کٹائی کے مطابق ایڈجسٹمنٹ کر سکے تاکہ کٹائی کے وقت دانے کم سے کم ٹوٹیں۔مزید براں، کاشتکار دھان کی باقیات کی تلفی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے کریں اور فصل کی باقیات کو آگ ہرگز نہ لگائیں تاکہ سموگ پیدا نہ ہوسکے۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆